**25.03.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

Music

.......................................................................................

☆ پارلیمنٹ نے، قدرتی آفات سے متعلق تیاری، کارروائی اور راحت جاتی کارروائیوں کو بہتر بنانے کیلئے قومی آفات سے متعلق انتظامیہ (ترمیمی بل) 2024 کو منظوری دے دی ہے۔

☆ پارلیمنٹ بوائلرز بل 2024 کو بھی منظوری دے دی ہے۔ لوک سبھا نے مالیاتی بل 2025 کو بھی منظوری دے دی ہے۔

☆ اڈیشہ اسمبلی نے کانگریس کے 14ارکان قانون ساز اسمبلی میں سے 12 کو، مبینہ نازیبا برتاؤ کی وجہ سے، سات دن کیلئے معطل کردیا ہے۔

☆ پوری غزہ پٹی میں اسرائیلی حملوں میں کم سے کم 23فلسطینی ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ بین الاقوامی کھیل کود کے منتظمہ ادارے، عالمی ایتھلیٹکس نے کھلاڑیوں کی صنف کی تشخیص کرنے کیلئے، لعابِ دہن کی لازمی جانچ متعارف کرانے کی منظوری دے دی ہے۔

☆ اور فٹ بال میں، شیلانگ میں AFC ایشین کپ 2027کے کوالیفائر میچ میں بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان میچ برابری پر ختم ہوا۔

.......................................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**Rev. RS Disaster MGT Bill**

پارلیمنٹ نے قدرتی آفات کے انتظامیہ (ترمیمی بل) 2024 کو منظوری دے دی ہے۔ اسے آج راجیہ سبھا میں بھی منظور کرلیا گیا تھا۔ لوک سبھا نے اِس بل کو گذشتہ دسمبر میں منظوری دے دی تھی۔ یہ بل قدرتی آفات سے متعلق انتظامیہ کے قانون 2025میں ترمیم کرتا ہے اور قدرتی آفات سے متعلق قومی اتھارٹی NDMA نیز قدرتی آفات سے متعلق انتظامیہ کی ریاستی اتھارٹیوں، SDMA کے کام کاج کو مستحکم اور مزید موثر بناتا ہے۔ یہ بل قومی ایگزکیٹیو قومی کمیٹی اور ریاستی ایگزکیٹیو کمیٹی کے بجائے، قومی سطح اور ریاستی سطح پر قدرتی آفات کی منصوبہ بندی تیار کرنے کیلئے NDMA اور SDMA کو بااختیار بناتا ہے۔

بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ قدرتی آفات کی تباہی اور نوعیت بدل چکی ہے اور اس لئے اِس ضمن میں کارروائیوں کو بھی اسی کے مطابق تبدیل ہونا چاہئے۔

S/B 2100 Amit Shah-Risk Reduction and AI

مرکوزیت سے متعلق اپوزیشن کے الزامات پر جناب شاہ نے کہا کہ بل کے تحت وسیع تر اختیار قدرتی آفات سے متعلق ضلعی انتظامیہ کو دیا گیا ہے۔ اس سے قبل، بحث کا آغاز کرتے ہوئے کانگریس کے نیرج ڈانگی نے کہا کہ بل میں پی ایم کیئرز فنڈ سے متعلق تفصیلات فراہم نہیں کی گئی ہے اور نہ ہی یہ واضح کیا گیا ہے کہ اِسے کیسے استعمال کیا جائے گا۔ اقتدار کے اراکین کی جانب سے، حکومت کے کووِڈ– 19انتظامیہ سے متعلق جناب ڈانگی کے بیان پر احتجاج کیا گیا۔BJP کے برج لال نے کہا کہ قدرتی آفات سے متعلق انتظامیہ کی اصل ذمہ داری ریاستی سرکاروں کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ قدرتی آفات کے رونما ہونے کی شکل میں، مرکز، ریاستوں کو ہرممکن امداد فراہم کرتا ہے۔TMC کے Ritabrata بنرجی نے NDA کے اقتدار میں مرکزی حکومت پر الزام لگایا کہ وہ اپوزیشن کے زیر اقتدار ریاستوں کے فنڈس کو روکے ہوئے ہیں۔ NCP کے پرفل پٹیل نے ہر سطح پر قدرتی آفات سے متعلق تیاریوں کو مستحکم کرنے کی حکومت کی کوششوں کی ستائش کی۔ CPIM کے AA رحیم نے الزام لگایا کہ مرکزی حکومت اُن ریاستوں کیلئے بہت کم فنڈ مختص کر رہی ہے جنھیں قدرتی آفات کا سامنا ہے۔ CPI کے رکن پارلیمنٹ سنتوش کمار پی نے مزید جانچ پڑتال کیلئے اِس بل کو مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیجنے کی تجویز دی۔x

## LS Boilers Bill

آج لوک سبھا نے بوائلرس بل 2024 کو منظوری دے دی، جس کے بعد یہ بل، پارلیمنٹ کی طرف سے منظور ہوگیا ہے۔ اِس بل نے بوائیلرس قانون 1923 کی جگہ لی ہے، جس کے تحت بوائیلرس سے متعلق ضابطے فراہم کیے جائیں گے اور اِن کے دھماکوں کے خطروں سے دو چار افراد کی زندگی اور املاک کی حفاظت فراہم کی جائے گی۔ راجیہ سبھا نے پچھلے سال دسمبر میں ہی اِس بل کو منظوری دے دی تھی۔ اِس قانون کے تحت ملک میں بوائیلرس بنانے اور انہیں استعمال کرنے کے دوران اِن کے رجسٹریشن اور معائنے میں یکسانیت بھی لائی گئی ہے۔ کاروبار میں آسانی کیلئے اِس بل سے بوائیلر کا استعمال کرنے والوں کو فائدہ ہوگا، جن میں MSME شعبے کے لوگ بھی شامل ہیں کیونکہ اِس بل کے تحت ایسی شقوں کو بھی ختم کیا گیا ہے، جن کی بنیاد پر تفریق برتی جاتی تھی۔لوک سبھا میں بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ یہ بل، سبھی متعلقہ فریقوں کے ساتھ بحث مباحثے کے بعد پارلیمنٹ میں پیش کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت، امداد باہمی کی وفاقیت پر یقین رکھتی ہے اور ریاستوں کے حقوق کی خلاف ورزی کا کوئی سوال ہی نہیں ہے۔اِس سے پہلے بحث کا آغاز کرتے ہوئے کانگریس کے ڈاکٹر کلیان وَیجی ناتھ نے کہا کہ اُن اصولوں پر وضاحت ہونی چاہیے، جن کا تعلق حفاظت کو یقینی بنانے اور سرٹیفکیشن نیز اِس کی تصدیق سے ہے۔ مباحثے میں کئی سیاسی پارٹیوں کے ارکان نے بھی حصہ لیا۔ x

## Rev. LS Finance Bill

لوک سبھا نے مالیاتی بل 2025 کو منظوری دے دی ہے۔ یہ بل مالی سال 2025-26 کیلئے مرکزی حکومت کی مالیاتی تجاویز کو منظوری دے گا۔ بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے خزانے کی مرکزی وزیر نرملا سیتا رمن

نے کہا کہ مالیاتی بل 2025، معزز ٹیکس دہندگان کو غیرمتوقع ٹیکس راحت فراہم کرتا ہے۔

S/B 2100 Nitharaman of Finance Bill

انھوں نے کہا کہ نئے ٹیکس نظام کے تحت، 12لاکھ روپئے تک کی آمدنی پر کوئی ٹیکس نہیں دینا ہوگا۔ محترمہ سیتا رمن نے اعلان کیا کہ نئے آمدنی ٹیکس بل پر آئندہ مانسون اجلاس میں تبادلہ خیال کئے جانے کی توقع ہے۔انھوں نے مطلع کیا کہ یہ مالیاتی بل صنعتی اشیا کیلئے کسٹم ٹیکس کی 7شرحوں کو بھی ختم کرتا ہے۔

محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ حکومت نے اسٹارٹ اَپس کو شامل کرنے کی مدت میں پانچ سال کی توسیع کرنے کی بھی تجویز رکھی ہے تاکہ اُنھیں دستیاب فوائد حاصل ہوسکیں جو کہ یکم اپریل 2030 تک شامل ہو رہے ہیں۔اس سے قبل بحث میں حصہ لیتے ہوئے کانگریس کے ایس Jothimani نے ملک میں بے روزگاری کا معاملہ اٹھایا۔ بی جے پی کے جگدمبیکا پال نے کہا کہ بھارت، دنیا میں سب سے زیادہ تیزی کے ساتھ فروغ پاتی ہوئی معیشت ہے۔ اس سے قبل لوک سبھا میں مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی اسکیم، منریگا سےتعلق رکھنے والے فنڈس کے مبینہ طور پر جاری نہ کرنے پر شور شرابہ دیکھنے میں آیا اور ایوان کی کارروائی ملتوی کی گئی۔ بعد میں ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔x

## RS Meeting

راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے، دلّی ہائیکورٹ کے جسٹس یشونت ورما کی رہائش گاہ سے نقدی کی برآمد کے معاملے پر ایوان کے لیڈروں کے ساتھ آج ایک میٹنگ کی۔ ایوان کے لیڈر جگت پرکاش نڈا، اپوزیشن کے لیڈر ملکارجن کھڑگے، پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو، پارلیمانی امور کے وزرائے مملکت ارجن رام میگھوال اور ایل مروگن، DMK کے لیڈر Tiruchi Siva، آر ایل ڈی کے لیڈر اور مرکزی وزیر جینت چودھری، JDU کے لیڈر اور مرکزی وزیر رام ناتھ ٹھاکر، BJD کے لیڈر Sasmit Patra، سی پی آئی ایم کے لیڈر John Brittas کے علاوہ دیگر لیڈر بھی اس میٹنگ میں موجود تھے۔ اس سے قبل آج ایوان میں اِس معاملے کو ایک سنجیدہ معاملہ قرار دیتے ہوئے، چیئرمین نے کہا کہ یہ معاملہ پارلیمنٹ کی خودمختاری، بالاتری اور افادیت پر سوال کھڑا کرتا ہے۔ انھوں نے اس معاملے میں فوری کارروائی کرنے کیلئے چیف جسٹس کی ستائش کی۔ راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر ملکارجن کھڑگے نے، ایوان کے لیڈروں کے ساتھ میٹنگ کرنے کے چیئرمین کے فیصلے کا خیرمقدم کیا۔x

## Delhi Budget

دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے آج کہا کہ اِس سال کے دلّی بجٹ میں، پچھلے سال کے مقابلے میں 31 اعشاریہ پانچ آٹھ فیصد اضافہ ہوا ہے، جس کے ساتھ ہی ایک لاکھ کروڑ روپئے مجموعی طور پر مختص کئے گئے ہیں۔ دلّی اسمبلی میں مالی سال 2025-26 کیلئے بجٹ پیش کرنے کے بعد میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ گپتا نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں 17فیصد کا اضافہ کیا گیا ہے۔

S/B 2100 Rekha Gupa Education and Transport

ہاؤسنگ اور شہری ترقی کیلئے بجٹ میں بھی 9فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ محترمہ گپتا نے یہ بھی اعلان کیا کہ خواتین کے تحفظ کیلئے پوری راجدھانی میں پچاس ہزار CCTV کیمرے نصب کئے جائیں گے۔x

### Odisha MLAs Suspension

اوڈیشہ قانون ساز اسمبلی میں، ضابطوں کی مبینہ خلاف ورزی اور نازیبا طرزِ عمل کی پاداش میں آج کانگریس کے 14میں سے 12اراکینِ اسمبلی کو معطل کر دیا گیا۔ اِن کانگریس اراکینِ اسمبلی کو ایوان کی کارروائی میں حصہ لینے سے سات دن کیلئے روک دیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ، برسراقتدار پارٹی کے چیف وہپ سروج پردھان کی جانب سے پیش کی گئی قرار داد کے بعد کیا گیا، جس میں قانون ساز اسمبلی میں نازیبا برتاؤ کا حوالہ دیا گیا تھا۔ اس کے بعد ایوان نے اِس قرار داد کو منظور دے دی۔ کانگریس قانون ساز ارکان، کئی معاملوں پر ایوان میں گھنٹیاں، تھالیاں اور بانسری بجا کر احتجاج کر رہے تھے اور اسمبلی میں شور وغل کر رہے تھے۔ x

### Waves Akshay Kumar

بالی ووڈ اداکار اکشے کمار نے آج عالمی آڈیو ویژئل اور انٹرٹینمنٹ سمٹ Waves، 2025 کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، جو پہلی مئی سے چار مئی تک ممبئی میں منعقد ہونے والی ہے۔ سوشل میڈیا پر اپنے ایک ویڈیو پیغام میں اکشے کمار نے سمٹ کی ستائش کرتے ہوئے اسے ایک اہم قدم قرار دیا۔ انہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ اِس سمٹ سے تخلیق کاروں کیلئے عالمی سطح پر نہ صرف ایک بہترین موقع فراہم ہوگا، بلکہ یہ ایک ایسا پلیٹ فارم ثابت ہوگا، جس سے مستقبل میں تفریح کا عالمی منظرنامہ تبدیل ہو جائے گا۔

S/B: Akshay Kumar- Waves

### Rjjiju Minorties Conference

آج نئی دلّی میں ریاستی اقلیتی کمیشنوں کی ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اقلیتی امور کے مرکزیوزیر کِرن رجیجو نے کہا ہے کہ 2047 تک ہندوستان کو خود کفیل بنانے میں اقلیتوں کا اہم تعاون ہوگا۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اقلیتوں کی تعلیم اور ہنرمندی کو ترجیح دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، چھ نوٹیفائیڈ برادریوں کی فلاح و بہبود کیلئے کئی نجی اسکمیں چلا رہی ہیں، جس میں مسلم، عیسائی، سکھ، بودھ، جین اور زرتشت شامل ہیں۔x

### Punjab Project

مرکز نے شہیدِ اعظم بھگت سنگھ، راج گرو اور سُکھدیو جیسے مجاہدینِ آزادی کی قربانی کے احترام میں، پنجاب کے فیروز پور علاقے میں دو ترقیاتی پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔ ان تینوں مجاہدینِ آزادی کی، فیروز پور کے حُسینی والا اور کھٹ کر کلاں میں آخری رسوم ادا کی گئی تھیں۔

ریلویز اور فوڈ پروسیسنگ کے مرکزی وزیر مملکت رَونیت بٹّو نے کہا کہ یہ پروجیکٹ، اِن شہیدوں کو خراج

عقیدت پیش کرنے کیلئے تیار کیا گیا ہے۔ x

### Bihar Board Results

بہار میں بہار اسکول امتحانات بورڈ کی جانب سے بارہویں جماعت کے آج اعلان کردہ نتیجوں میں لڑکیاں، لڑکوں پر بازی لے گئی ہیں۔ آرٹس، کامرس اور سائنس شعبوں کے سبھی اعلیٰ ترین مقامات لڑکیوں نے حاصل کیے ہیں۔ویشالی ضلعے کے سرکاری اسکول کی طالبہ انکیتا کماری نے آرٹس کے شعبے 94اعشاریہ 6فیصد نمبروں کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ انکیتا کماری اور بکسر کے شکیب ساہ آرٹس کے شعبے میں سرفہرست رہے۔ بہار میں اِس سال کے بارہویں جماعت کے بورڈ امتحان میں آرٹس، کامرس اور سائنس کے کُل 86اعشاریہ پانچ فیصد طلبا کامیاب ہوئے ہیں۔ x

### AIIMS Indigenous MRI

بھارت کی اوّلین اندرون ملک تیار Magnetic Resonance Imaging (MRI) نئی دلّی کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز، AIIMS نے اکتوبر تک آزمائشوں کے نصب کرنے کیلئے تیار ہے۔ اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے ایمس نئی دلّی کے ڈائریکٹر ایم سرینواس نے کہا کہ اِس اقدام کا مقصد علاج کے خرچ کو، نیز درآمد شدہ میڈیکل آلات پر انحصار کو کم کرنا ہے کیونکہ اس وقت 80سے 85فیصد آلات درآمد شدہ ہیں۔x

### Israel Gaza Toll

آج غزہ پٹی میں، اسرائیل کے فضائی حملوں میں کم سے کم 23فلسطینی ہلاک ہوگئے۔ فلسطین کے صحت افسران نے بتایا کہ جب سے اسرائیلی فوج نے ایک ہفتے پہلے غزہ میں فلسطین کے مسلح گروپ حماس کے خلاف حملے دوبارہ شروع کیے ہیں، تب سے اب تک تقریباً 700افراد ہلاک ہوچکے ہیں۔

اسرائیلی فوج نے پوری بستی کے ہزاروں مکینوں کو یہ علاقہ خالی کرنے کا حکم دیا تھا، جس کے بعد یہ تازہ حملے کیے گئے ہیں۔ اسرائیلی فوج نے سبھی شمالی سرحدی قصبوں کے مکینوں سے کہا تھا کہ وہ یہ علاقہ خالی کر دیں۔ اُس نے کہا کہ اِس علاقے سے اسرائیل پر فلسطین کی طرف سے راکٹ داغے گئے تھے۔ غزہ شہر کے متاثرہ قصبوں میں جبالیہ، بیت اللحیّہ، بیت الحُنین اور شیجائیہ بھی شامل ہیں۔ علاقہ خالی کرنے کے احکامات، جنوب میں خان یونس اور رفاح کیلئے بھی جاری کیے گئے ہیں۔اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو نے کہا کہ دوبارہ شروع کیے گئے اِن حملوں کا مقصد، حماس پر زور ڈالنا ہے کہ وہ بقیہ 59یرغمالوں کو رہا کر دے، جو غزہ میں اُس کی قید میں ہیں۔

امید ہے کہ اِن میں سے تقریباً 24افراد، زندہ ہیں۔ دوسری طرف مسلح گروپ حماس نے اسرائیل پر الزام لگایا ہے کہ اُس نے 19جنوری کے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی کی ہے۔ x

### Bandladesh ISPR

بنگلہ دیش کی فوج نے بھارت کے ایک نجی میڈیا کمپنی کے ذریعے شائع بغاوت سے متعلق رپورٹ کو مسترد

کردیا ہے اور کہا ہے کہ یہ غیر درست اور گمراہ کن ہے۔ بنگلہ دیش کی انٹر سروس پبلک ریلیشنز ISPR نے ایک بیان میں آج کہا کہ نجی میڈیا کمپنی نے جو رپورٹ شائع کی ہے وہ بنگلہ دیش فوج کے ذریعے منعقدہ ایک معمول کی میٹنگ سے متعلق جھوٹ اور مفروضی معلومات پر مبنی ہے۔x

## World Athleties Gender Test

بین الاقوامی کھیلوں کے منتظمہ ادارے عالمی ایتھلیٹکس نے ایتھلیٹ کی جنس کا تعین کرنے کیلئے لعابِ دہن کی لازمیت کو منظوری دے دی ہے۔تنظیم کے صدر Sebestian COE نے کہا کہ یہ فیصلہ خواتین کے زمرے کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے کیا گیا ہے۔ آج چین کے Nanjing میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب Coe نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد اعتماد فراہم کرنے اور مسابقت پر توجہ مرکوز رکھنے کی راہ ہموار کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجویز پر کافی غور و خوض کے بعد یہ فیصلہ لیا گیا ہے۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق عالمی ایتھلیٹکس کا ارادہ، اس سال 13سے 21ستمبر تک ٹوکیو میں منعقد ہونے والی عالمی چمپئن شپ میں خواتین کے زمرے میں حصہ لینے کے خواہشمند ایتھلیٹس کے لئے جانچ کرانا ہے۔ x

## Football Early

فٹ بال میں، میگھالیہ کے شیلانگ میں AFC ایشین کپ 2027 کوالیفائر کے تیسرے اور آخری راؤنڈ کے میچ میں بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان مقابلہ صفر–صفر کی برابری پر ختم ہوا۔ میچ کے دوران سنیل چھیتری نے بنگلہ دیش کے دفاع کو ناکام کرنے کے کئی مواقع گنوائے۔ وہیں بنگلہ دیش بھی بھارت کے گول کیپر وشال Kaith کی زبردست کارکردگی کی وجہ سے کوئی کامیابی حاصل نہ کرسکا۔x

## Khelo India

نئی دلّی میں جاری کھیلو انڈیا پیرا گیمز کے چھٹے دن آج پاور لفٹنگ، نشانے بازی اور ٹیبل ٹینس کے کھلاڑیوں کے درمیان زبردست مقابلہ آرائی دیکھی گئی۔ پاور لفٹنگ میں ریشما مُغل نے 73 کلو گرام زمرے میں سونے کا تمغہ جیتا۔ وہیں نشانے بازی میں آکاش نے 50میٹر مکسڈ پسٹل SH-1 زمرے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

پیرا ٹیبل ٹینس میں کوالیفائنگ مقابلوں میں کھلاڑیوں نے میڈل راؤنڈز میں جگہ بنانے کیلئے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔تمغوں کی فہرست میں ہریانہ پہلے، تمل ناڈو دوسرے اور اترپردیش تیسرے مقام پر فائز ہے۔ x

## IPL Cricket

انڈین پریمیئر لیگ، ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں پنجاب کنگس نے گجرات ٹائٹنس کو جیت کیلئے 245رن کا نشانہ رکھا ہے۔ یہ میچ احمد آباد میں کھیلا جا رہا ہے۔اس سے پہلے گجرات ٹائٹنس نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔شبھمن گِل، گجرات ٹائٹنس کی قیادت کر رہے ہیں، جبکہ شریاس ائیّر، پنجاب کنگس کی کپتانی کر رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆